پریس ریلیز

گوجرانوالہ یکم نومبر 2022ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر عادل ندیم کی وفد کے ہمراہ ترکی کے قومی دن کے موقع پر منعقد تقریب میں شرکت ۔ وفد کی قیادت کرتے ہوئے اس موقع پر انہوں نے کہا کہ زندہ قومیں اپنا قومی دن نہایت جوش خروش سے مناتی ہیں ۔ ترکی ایمبیسی کی انتظامیہ نے اپنے قومی دن کو منانے کیلئے اسلام آباد کے مقامی ہوٹل میں جو شاندار تقریب کا انعقاد کیا ہے اس تقریب کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں ترکی ایمبیسی کیطرف سے دیئے گئے عشائیے میں شمولیت کر کے شرکاء سے تبادلہ خیال کے دوران کیا۔اس موقع پر ترکی کے سفیر ڈاکٹر مہمت پکاسی اور ان کی اہلیہ میریم پکاسی نے چیمبر کے وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔اس شاندار تقریب میں وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، سینٹر فضل کنڈی، سابق وزیر خارجہ حنا ربانی کھر و دیگر غیر ممالک کے سفیروں اور کے علاوہ اعلیٰ حکومتی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی ۔اس تقریب میں گوجرانوالہ چیمبر سے رکن مجلس عاملہ ملک محمد افضل ،سابق اراکن مجلس عاملہ ظفر اقبال بٹ، عاطف ربانی نے بھی شرکت کی ۔اس موقع پر چیمبر کے وفد نے مختلف ممالک کے سفیروں سے فرداً فرداًملاقات کی اور انہیں گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس میں آنے کی دعوت بھی دی۔